بسم اللہ الرحمن الرحیم نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم

ولقد نصرکم اللہ ببدر و انتم اذلۃ

سبحان الذی اسری بعبدہ لیلا من المسجد الحرام الی المسجد الاقصی

بدر

BADR — QADIAN

قادیان ضلع گورداسپور

عام قیمت پیشگی ۴ روپیہ (بغیر ضمیمہ درس قرآن شریف)

چہ گویم باتو گر آئی بہ دارالامان بینی | رجسٹرڈ ایل نمبر ۲۸۸ | دوا بینی شفا بینی عرض دار الامان بینی

(پیشگی چار روپے) ضمیمہ درس قرآن شریف

مورخہ ہشتم محرم الحرام ۱۳۲۸ھ علی صاحبہا التحیۃ والسلام مطابق ۲۰ جنوری ۱۹۱۰ء مطابق ۷ ماگھ سمت ۱۹۶۶ بکرمی

جلد ۹ | نمبر ۱۳

سارے جہان سے اچھا دار الامان ہمارا | ایڈیٹر و منیجر محمد صادق عفی اللہ عنہ | دار الامان ہمارا جنت نشان ہمارا

دس شرائط بیعت

اول۔ بیعت کنندہ سچے دل سے عہد اس بات کا کرے کہ آیندہ اس وقت تک کہ قبر میں داخل ہو جائے شرک سے مجتنب رہے گا۔

دوم۔ یہ کہ جھوٹ اور زنا اور بد نظری اور ہر ایک فسق و فجور اور ظلم و خیانت اور فساد اور بغاوت کے طریقوں سے بچتا رہے گا۔ اور نفسانی جوشوں کے وقت ان کا مغلوب نہیں ہوگا اگرچہ کیسا ہی جذبہ پیش آوے۔

سوم۔ یہ کہ بلاناغہ پنجوقتہ نماز موافق حکم خدا اور رسول کے ادا کرتا رہیگا۔ اور حتی الوسع نماز تہجد کے پڑھنے اور اپنے نبی کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجنے اور ہر روز اپنے گناہوں کی معافی مانگنے اور استغفار کرنے میں مداومت اختیار کریگا۔ اور دلی محبت سے اللہ تعالےٰ کے احسانوں کو یاد کر کے اسکی حمد اور تعریف کو ہر روزہ اپنا ورد بنائیگا۔

چہارم۔ یہ کہ عام خلق اللہ کو عموماً اور مسلمانوں کو خصوصاً اپنے نفسانی جوشوں سے کسی نوع کی ناجائز تکلیف نہ دیگا۔ نہ زبان سے نہ ہاتھ سے نہ کسی اور طرح سے۔

پنجم۔ یہ کہ ہر حال رنج و راحت عسر اور یسر اور نعمت و بلا میں اللہ تعالےٰ کے ساتھ وفاداری کریگا۔ بہر حالت راضی بقضا ہوگا۔ اور ہر ایک ذلت اور دکھ کے قبول کرنے کیلئے اسکی راہ میں تیار رہیگا۔ اور کسی مصیبت کے وارد ہونے پر اس سے منہ نہیں پھیریگا بلکہ قدم آگے بڑھائیگا۔

ششم۔ یہ کہ اتباع رسم اور متابعت ہوا و ہوس سے باز آ جائیگا۔ اور قرآن شریف کی حکومت کو بکلی اپنے اوپر قبول کریگا۔ اور قال اللہ اور قال الرسول کو اپنی ہر ایک راہ میں دستور العمل قرار دیگا۔

ہفتم۔ یہ کہ تکبر اور نخوت کو بکلی چھوڑ دیگا اور فروتنی اور عاجزی اور خوش خلقی اور حلیمی اور مسکینی سے زندگی بسر کریگا۔

ہشتم۔ یہ کہ دین اور دین کی عزت اور ہمدردی اسلام کو اپنی جان اور اپنے مال اور اپنی عزت اور اپنی اولاد اور اپنے ہر ایک عزیز سے زیادہ تر عزیز سمجھے گا۔

نہم۔ یہ کہ عام خلق اللہ کی ہمدردی میں محض للہ مشغول رہیگا۔ اور جہاں تک بس چل سکتا ہے اپنی خداداد طاقتوں اور نعمتوں سے بنی نوع کو فائدہ پہونچائیگا۔

دہم۔ یہ کہ اس عاجز سے عقد اخوت محض للہ باقرار طاعت در معروف باندھ کر اس پر تا وقت مرگ قائم رہیگا اور اس عقد اخوت میں ایسا اعلیٰ درجہ کا ہوگا کہ اسکی نظیر دنیوی رشتوں اور تعلقوں اور تمام خادمانہ حالتوں میں پائی نہ جاتی ہو۔

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوۃ والسلام اور آپ کی جماعت کا مذہب

ما مسلمانیم از فضل خدا — مصطفیٰ ما را امام و پیشوا
اندرین دین آمدہ از مادریم — ہم بدین از دار دنیا بگذریم
آن کتاب حق کہ قرآن نام او — بادۂ عرفان ما از جام او
آن رسولے کش محمد ہست نام — دامن پاکش بدست ما مدام
مہر او با شیر شد اندر بدن — جان شد و با جان بدر خواہد شدن
ہست او خیر الرسل خیر الانام — ہر نبوت را برو شد اختتام
آنچہ ما را وحی و ایمائے بود — آن نہ از خود از ہمان جائے بود
اقتدائے قول او در جان ماست — ہر چہ زو ثابت شود ایمان ماست
آن ہمہ از حضرت احدیت است — منکر آن مستحق لعنت است
معجزات او ہمہ حق اندو راست — منکر آن مورد لعن خدا است
معجزات انبیاء سابقین — آنچہ در قرآن بیانش بالیقین
بر ہمہ از جان و دل ایمان ماست — ہر کہ انکارے کند از اشقیاست
یک قلم دوری ازان عالیجناب — نزد ما کفر است خسران و تباب

دستور العمل

عام قیمت اخبار سالانہ ما ضمیمہ ۴ روپیہ بغیر ضمیمہ صرف ۳ روپیہ قیمت پیشگی وصول ہونے کے بغیر اخبار جاری نہ ہوگا۔

خط و کتابت کے واسطے جوابی کارڈ آنا چاہیئے ورنہ جواب کے لئے معذور۔

رسید زر اخبار میں چھاپی جاویگی علیحدہ رسید نہ دیجاویگی۔ البتہ جو صاحب قادیان میں دستی قیمت دیں۔ انکو بہر حال رسید حاصل کرنی چاہیئے۔ اگر چار ہفتہ تک رسید نہ چھپے تو خط لکھکر دریافت کرنا چاہیئے۔ تمام ترسیل زر بنام میاں معراج الدین عمر پروپرائیٹر قادیان ضلع گورداسپور ہو۔

وہ الفاظ جنمیں حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوۃ والسلام بیعت لیتے تھے ہاتھ پکڑ کر فرماتے تھے اور طالب بیعت تکرار کرتا جاتا تھا۔ اشہد ان لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ و اشہد ان محمداً عبدہ و رسولہ۔ ۲ بار آج میں احمد کے ہاتھ پر اپنے تمام گناہوں سے توبہ کرتا ہوں جنمیں گرفتار تھا اور میں سچے دل سے اقرار کرتا ہوں کہ جہاں تک میری طاقت اور سمجھ ہے اپنی عمر کے آخری دن تک تمام گناہوں سے بچتا رہونگا اور دین کو دنیا پر مقدم رکھونگا استغفر اللہ ربی من کل ذنب و اتوب الیہ ۳ بار۔ رب انی ظلمت نفسی و اعترفت بذنبی فاغفرلی ذنوبی فانہ لا یغفر الذنوب الا انت۔ اے میرے رب میں نے اپنی جان پر ظلم کیا اور اپنے گناہوں کا اقرار کرتا ہوں میرے گناہ بخش کہ تیرے سوا کوئی بخشنے والا نہیں۔ آمین اسکے بعد آپ معہ حاضرین مجلس بیعت کنندہ اور اس کے متعلقین کے لئے دعا کرتے ہیں حضرت خلیفۃ المسیح والمہدی مذکورہ بالا الفاظ کے ساتھ یہ الفاظ زیادہ فرماتے ہیں۔ آج میں نور الدین کے ہاتھ پر ان تمام شرائط کے ساتھ بیعت کرتا ہوں جن شرائط سے حضرت مسیح موعود بیعت لیا کرتے تھے۔ اور نیز اقرار کرتا ہوں کہ خصوصیت سے قرآن و احادیث کی پڑھنے اور سننے اور اسپر عمل کرنے کی کوشش کرونگا اور اشاعت اسلام میں جان و مال سے بقدر وسعت و طاقت کمربستہ رہونگا۔ اور انتظام زکوۃ بہت

(بدر پریس قادیان میں میاں معراج الدین عمر پروپرائیٹر و پرنٹر و پبلشر کے حکم سے باہتمام قاضی محمد ظہور الدین اکمل چھپکر شائع ہوا)

خطبہ نکاح

خطبہ میں حضرت نے فرمایا کہ یہ تین آیات ضرور پڑھی جاتی ہیں - یاایہاالناس اتقوا ربکم الذی تساءلون بہ والارحام - یاایہاالذین امنوا اتقوا اللہ حق تقاتہ -

یاایہاالذین امنوا اتقوا اللہ وقولوا قولا سدیدا -

جن سے معلوم ہوتا ہے - کہ اسلام کا اصل الاصول تقوی ہے کہیں رہو جنگل میں یا شہر میں گھر میں یا سفر میں - جو کچھ بھی کرو دکان داری - یا کوئی حرفت یا ملازمت متقی بنے رہو - جس قدر احکام شریعت میں ہیں - ان کا نتیجہ بھی یہی ہے - کہ تقوی حاصل ہو - اسی واسطے جو چیزیں تقوی بگاڑنے والی ہیں - ان سے منع کیا - شراب - قماربازی - اس لئے منع ہے -

نکاح بھی تقوی کے حصول کے لئے ہے - لیکن میں دیکھتا ہوں کہ میاں بی بی دونوں کو ناول خوانی نے ڈبو دیا ہے - میاں اپنے خیال ہیں - خدا تو فرماتا - لتسکنوا الیہا - اور مودۃ ورحمۃ مگر مسلمانوں کی بدقسمتی سے ان کے گھر اضطراب - دشمنی اور غضب کے مظہر بن رہے ہیں -

جسکی وجہ مجھ سے پوچھو تو یہی ہے - نسوا حظا مما ذکروا بہ فاغرینا بینہم العداوۃ والبغضاء قرآن کی تعلیم کو مسلمانوں نے چھوڑا - تو راہ ان کے گھروں سے بھی رخصت ہو گیا خدا تو فرماتا ہے - لا تخرجوہن من بیوتہن - الا کہ نکلیں کہ طلاق کے بعد بیبیوں کو نہ نکالو - اور نہ وہ نکلیں - مگر نہ میاں اس پر عمل کرتا ہے - نہ بی بی - نکاح میں جلد بازی سے کام لیا جاتا ہے پھر طلاق میں اس سے بھی زیادہ جلدی - مگر خدا نے فرمایا - ولتنظر نفس ما قدمت لغد - پہلے تم یہ تو دیکھ لو کہ کل کیا ہوگا اور ہمارے اس فعل کا انجام کیا ہوگا - پس قولوا قولا سدیدا تم جو بات کرو - اور پھر نکاح کے معاملہ میں پختہ بات کرو - اس سے تمہارے اعمال ستور ہو جائنگے - تمہاری کمزوریاں دور ہو جائینگی - چنانچہ دیکھ لو مسلمانوں - پالٹیکس کی کوئی کتاب نہیں - جس سے ثابت ہے - کہ اسلام کو پالٹیکس سے کوئی تعلق نہیں بعض کتابیں جو امن قائم رکھنے کے لئے اور باہمی تعلقات کی عمدگی کے لئے ہیں - انکو سیاست کی سمجھ لیا گیا ہے یہ بھی ثبوت ہے اس بات کا کہ مسلمانوں میں پالٹکس نہیں کیونکہ وہ اسکی تعریف اگر نہیں جانتے -

الخطبہ ایک قرآن خواندہ لڑکی کے لئے ایک ایسے رشتہ کی ضرورت ہے - جو ذات کا حجام مگر تعلیم یافتہ اور برسر روزگار ہو - خط و کتابت معرفت دفتر بدر مع ٹکٹ چار آنہ ہو

(۲) ایک اور ۱۸ سالہ لڑکی قریشی النسب کے تا مڈل تعلیم یافتہ کے لئے جو دستکاری میں بھی کمال رکھتی ہے - رشتہ کی ضرورت ہے جو احمدی برسر روزگار ہو -

کوئی ہے؟ جوان یتیموں کی پرورش کرے

عبدالحفیظ - کمہل - محلہ ملاں ٹولہ ضلع میں پوری سے اطلاع دیتے ہیں - کہ میرے والد فوت ہو گئے ہیں - اور تین نابالغ لڑکیوں کو مع اپنی بیوہ کے چھوڑ گئے ہیں - اگر اس نواح میں کوئی احمدی بھائی ہو تو ضرور ان کی خبرگیری کر کے عنداللہ ماجور ہوں -

استدعاء دعا

برادر علاؤالدین صاحب عطر فروش نارائن پتہ علاقہ نظام سے کل احمدی بھائیوں کی خدمت میں عاجزی سے التجاء کرتے ہیں - کہ دو ڈھائی سال سے .... ان کی اہلیہ بہت سخت بیمار ہے اور وہ خود بھی بیمار رہتے ہیں - تمام احباب توجہ .... خاص کے ساتھ ان کے لئے دعا کریں -

اگلا اخبار وی پی ہوگا

ان تمام احباب کی خدمت میں جنہوں نے لکھا تھا - کہ اخیر دسمبر میں قیمت ادا کرینگے - مگر پھر دسمبر میں یہاں تشریف نہیں لا سکے یا قیمت نہیں دے سکے

(مینیجر)

بیعت نامہ

بفحوای نص ہدایت الضمام یا ایہا الذین امنوا توبوا الی اللہ توبۃ نصوحا - بدل اقرار کرتا ہوں - کہ آئندہ اس وقت تک کہ قبر میں داخل ہوں - شرک سے مجتنب رہونگا بلکہ جھوٹ اور زنا اور بد نظری اور فسق اور فجور ظلم و خیانت بغاوت فساد کے طریقوں سے بچتا رہونگا - اور پنجوقت نماز موافق حکم خدا اور رسول کے ادا کرتا رہوں گا - اور بمصداق کما قال النبی علیہ التحیات والتسلیمات الشیخ فی قومہ کالنبی فی امتہ حضرت مرزا غلام احمد صاحب کو مسیح موعود علیہ السلام اور اس کے خلیفہ حضرت خلیفۃ المسیح نورالدین صاحب کو جب تک زندہ ہوں برحق مانونگا -

لہٰذا امیدوار ہوں - کہ عاجز کی بیعت فرما کے کمترین کے حق میں دعا فرمائے - جسکا مستدعی ہوں -

عزیز احمد - ولد منظور احمد ساکن موضع بیتھو ضلع گیا - وارد حال کانپور

بیل کی فریاد

پچھلے - دنوں گائے کی فریاد اخبارات میں کیطرف سے چھپی تھی - اس پر کسی بگڑے دل نے بیل کی فریاد لکھی ہے جسکے یہ اشعار موجب دلچسپی ناظرین ہونگے -

میری بیوی کو تو تم ماتا کہو لیکن وہ نہار
لیک مجھ سے باپ کہتے ہیں تمہیں آتا ہے عار
جو کھلائے دودھ و گھی تم جاٹو اس کا موت بھی
خود غرض تم سے نہ ہو دینگے جہانیں پوت بھی
تا وہ سمجھائے انہیں کیسے ہو صاحب تم پسر
ماں کے تو شیدائی ہو کچھ باپ کی بھی لو خبر
یعنی بیرج دانا کی سیوا کر دو حد سے سوا
خود زمین پر سو دو ان کو بچھونا گدگدا -
حیف ہے تم پہ کہ رکھا ظلم یوں مجھ پر روا
کیونکہ میں بھی تو نہ گیں آپ کی ماتا کا کنت

(از پیسہ اخبار)

فرقہ احمدیہ خارق اجماع نہیں،،

بہرحال اب میں ان بعض بزرگوں کے نام اور حوالجات بالاختصار درج کرتا ہوں - جو قائلین وفات در فع روحانی حضرت عیسیٰ علیہ السلام ہیں -

(۱) حضرت امام مالک صاحب مذہب (مجمع البحار جلد ۱ ص ۲۸۶)
(۲) حضرت امام محی الدین ابن عربی (فتوحات مکیہ جلد ۱ ص ۲۶۲)
(۳) حضرت عبداللہ بن عباس صحابی (بخاری باب التفسیر تفسیر ابن ابی حاتم)
(۴) حضرت امام ابن حزم (حاشیہ جلالین معہ کمالین)
(۵) امام ابن قیم زبن المحدثین - (زاد المعاد جلد ۱ ص ۱۹۹ و ۳۱ و ۳۰۲)
(۶) امام فخر الدین رازی - (تفسیر کبیر ص ۶۹۱)

قائلین بروز نبوت بعد آنحضرت صلعم -

(۱) حضرت عائشہ صدیقہ ام المومنین رض (تکملہ مجمع البحار ص ۸۵)
(۲) ایک اور صحابی (جامع الصغیر سیوطی - جلد ۱)
(۳) حضرت محی الدین ابن عربی (فتوحات مکیہ جزو ۲ باب ۲ ص ۳
(۴) حضرت سید عبدالکریم جیلی - (کتاب انسان کامل باب ۳۶ متولد از خواجگان چشت
(۵) حضرت سید محمد جعفر مکی خلیفہ حضرت چراغ دہلوی (بحر المعانی - مکتوب ۱۲ وغیرہ
(۶) حضرت مولوی محمد اسمعیل شہید دہلوی (منصب امامت نکتہ ثانی و ثالث وغیرہ وغیرہ انکے علاوہ اور بھی بہت سے بزرگ ہیں

خطبہ نکاح

خطبہ میں حضرت نے فرمایا کہ یہ تین آیات ضرور پڑھی جاتی ہیں۔ یاایہا الناس اتقوا ربکم الذی تساءلون بہ والارحام۔ یاایہا الذین امنوا اتقوا اللہ حق تقاتہ۔

یاایہا الذین امنوا اتقوا اللہ وقولوا قولا سدیدا۔

جن سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ اسلام کا اصل الاصول تقوی ہے کہیں رہو۔ جنگل میں یا شہر میں گھر میں یا سفر میں۔ جو کچھ بھی کرو دکانداری۔ یا کوئی حرفت یا ملازمت متقی بنے رہو۔ جس قدر احکام شریعت میں ہیں۔ ان کا نتیجہ بھی یہی ہے۔ کہ تقوی حاصل ہو۔ اسی واسطے جو چیزیں تقوی بگاڑنے والی ہیں۔ ان سے منع کیا۔ شراب۔ قمار بازی۔ اس لئے منع ہے۔

نکاح بھی تقوی کے حصول کے لئے ہے۔ لیکن میں دیکھتا ہوں کہ میاں بی بی دونو کو ناول خوانی نے ڈبو دیا ہے۔ میاں اپنے خیال میں۔ خدا تو فرماتا۔ لتسکنوا الیہا۔ اور مودۃ ورحمۃ مگر مسلمانوں کی بدقسمتی سے ان کے گھر اضطراب۔ دشمنی اور غضب کے مظہر بن رہے ہیں۔

جسکی وجہ مجھ سے پوچھو تو یہی ہے۔ نسوا حظا مما ذکروا بہ فاغرینا بینہم العداوۃ والبغضاء قرآن کی تعلیم کو مسلمانوں نے چھوڑا۔ تو راحت ان کے گھروں سے بھی رخصت ہو گیا خدا تو فرماتا ہے۔ لا تخرجوھن من بیوتھن۔ اور لا یخرجن کہ طلاق کے بعد بیبیوں کو نہ نکالو۔ اور نہ وہ نکلیں۔ مگر نہ میاں اس پر عمل کرتا ہے۔ نہ بی بی۔ نکاح میں جلد بازی سے کام لیا جاتا ہے پھر طلاق میں اس سے بھی زیادہ جلدی۔ مگر خدا نے فرمایا۔ ولتنظر نفس ما قدمت لغد۔ پہلے تم یہ تو دیکھ لو کہ کل کیا ہوگا اور ہمارے اس فعل کا انجام کیا ہوگا۔ پس قولوا قولا سدیدا تم جو بات کرو۔ اور پھر نکاح کے معاملہ میں پختہ بات کرو۔ اس سے تمہارے اعمال سنور جائینگے۔ تمہاری کمزوریاں دور ہو جائینگی۔ چنانچہ دیکھ لو مسلمانوں میں پالٹیکس کی کوئی کتاب نہیں۔ جس سے ثابت ہے۔ کہ اسلام کو پالٹیکس سے کوئی تعلق نہیں بعض کتابیں جو امن قائم رکھنے کے لئے اور باہمی تعلقات کی عمدگی کے لئے ہیں۔ انکو سیاست کی سمجھ لیا گیا ہے یہ بھی ثبوت ہے اس بات کا کہ مسلمانوں میں پالٹیکس نہیں کیونکہ وہ اسکی تعریف اگر نہیں جانتے۔

الخطبہ ایک قرآن خواندہ لڑکی کے لئے ایک ایسے رشتہ کی ضرورت ہے۔ جو ذات کا حجام مگر تعلیم یافتہ اور برسر روزگار ہو۔ خط وکتابت معرفت دفتر بدر مع ٹکٹ چار آنہ ۴ر

(۲) ایک اور ۱۸ سالہ لڑکی قریشی النسب کے تا مڈل تعلیم یافتہ کے لئے جو دستکاری میں بھی کمال رکھتی ہے۔ رشتہ کی ضرورت ہے جو احمدی برسر روزگار ہو۔

کوئی ہے؟ جوان یتیموں کی پرورش کرے

عبد الحفیظ۔ کرہل۔ محلہ ملاں ٹولہ ضلع مین پوری سے اطلاع دیتے ہیں۔ کہ میرے والد فوت ہو گئے ہیں۔ اور تین نابالغ لڑکیوں کو مع اپنی بیوہ کے چھوڑ گئے ہیں۔ اگر اس نواح میں کوئی احمدی بھائی ہو تو ضرور ان کی خبر گیری کر کے عند اللہ ماجور ہوں۔

استدعاء دعا

برادر علاؤ الدین صاحب عطر فروش نارائن پتہ علاقہ نظام سے کل احمدی بھائیوں کی خدمت میں عاجزی سے التجاء کرتے ہیں۔ کہ دو ڈھائی سال سے .... ان کی اہلیہ بہت سخت بیمار ہے اور وہ خود بھی بیمار رہتے ہیں۔ تمام احباب توجہ .... خاص کے ساتھ ان کے لئے دعا کریں۔

اگلا اخبار وی پی ہوگا

ان تمام احباب کی خدمت میں جنہوں نے لکھا تھا۔ کہ اخیر دسمبر میں قیمت ادا کریں گے۔ مگر پھر دسمبر میں یہاں تشریف نہیں لا سکے یا قیمت نہیں دے سکے۔

(مینیجر)

بیعت نامہ

بفحوای نص ہدایت النضمام یا ایہا الذین امنوا توبوا الی اللہ توبۃ نصوحا۔ بدل اقرار کرتا ہوں۔ کہ آئندہ اس وقت تک کہ قبر میں داخل ہوں۔ شرک سے مجتنب رہونگا بلکہ جھوٹھ اور زنا اور بد نظری اور فسق اور فجور ظلم وخیانت بغاوت فساد کے طریقوں سے بچتا رہونگا۔ اور پنجوقت نماز موافق حکم خدا اور رسول کے ادا کرتا رہوں گا۔ اور بمصداق کما قال النبی علیہ التحیات والتسلیمات الشیخ فی قومہ کالنبی فی امتہ حضرت مرزا غلام احمد صاحب کو مسیح موعود علیہ السلام اور اس کے خلیفہ حضرت خدا بین نور الدین صاحب کو جب تک زندہ ہوں برحق مانونگا۔

لہذا امیدوار ہوں۔ کہ عاجز کی بیعت فرما کے کمترین کے حق میں دعا فرمائے۔ جسکا مستدعی ہوں۔

عزیز احمد۔ ولد منظر احمد ساکن موضع بیتھو ضلع گیا۔ وارد حال کانپور

بیل کی فریاد

پچھلے دنوں گائے کی فریاد اخبارات میں کیطرف سے چھپی تھی۔ اس پر کسی بگڑے دل نے بیل کی فریاد لکھی ہے جسکے یہ اشعار موجب دلچسپی ناظرین ہونگے۔

میری بیوی کو تو تم ماتا کہو لیل و نہار
لیک مجھ سے باپ کہتے ہیں نہیں تم کو عار
جو کھلائے دودھ گھی تم جیا ٹھو اس کا موت بھی
خود غرض تم سے نہ ہو دینگے جہانیں پوت بھی
تاوہ سمجھائے انہیں کیسے ہو صاحب تم پسر
ماں کے تو شیدائی ہو کچھ باپ کی بھی لو خبر
یعنی بیرج داتا کی سیوا کر وحد سے سوا
خود زمین پر سو دوان کو بچھونا گد گدا۔
حیف ہے تم پر کہ رکھا ظلم یوں مجھپر روا
کیونکہ میں بھی تو نہوں گی آپ کی داتا رکا تھا

(از پیسہ اخبار)

فرقہ احمدیہ خارق اجماع نہیں

بہرحال اب میں ان بعض بزرگوں کے نام اور حوالجات بالاختصار درج کرتا ہوں۔ جو قائلین وفات در فع روحانی حضرت عیسیٰ علیہ السلام ہیں۔

(۱) حضرت امام مالک رہ اصحاب مذہب	(مجمع البحار جلد ۱ ص ۲۸۶)
(۲) حضرت امام محی الدین ابن عربی	(فتوحات مکیہ جلد ۱ ص ۲۷۲)
(۳) حضرت عبد اللہ بن عباس صحابی	(بخاری باب التفسیر تفسیر ابن ابی حاتم)
(۴) حضرت امام ابن حزم	(حاشیہ جلالین معہ کمالین)
(۵) امام ابن قیم زبن المحدثین۔	(زاد المعاد جلد ۱ ص ۱۹۲ و ۳۰۲)
(۶) امام فخر الدین رازی۔	(تفسیر کبیر ص ۷۹۱)

قائلین بروز نبوت بعد آنحضرت صلعم۔

(۱) حضرت عائشہ صدیقہ ام المومنین رض تکملہ مجمع البحار ص ۸۵

(۲) ایک اور صحابی (جامع الصغیر سیوطی۔ جلد ۱)

(۳) حضرت محی الدین ابن عربی (فتوحات مکیہ جزو ۲ باب ۳ ص ۳

(۴) حضرت سید عبد الکریم جیلی۔ (کتاب انسان کامل باب ۳۶ متسلد الہ خواجگان چشت

(۵) حضرت سید محمد جعفر مکی خلیفہ حضرت چراغ دہلوی بحر المعانی مکتوب ۱۷ وغیرہ

(۶) حضرت مولوی محمد اسمعیل شہید دہلوی (منصب امامت تکملہ ثانی وثالث وغیرہ وغیرہ انکے علاوہ اور بھی بہت سے بزرگ ہیں

مکتوبات امیر المومنین

عزیز من ہذا آپ ایک طرف انا لننصر رسلنا والذین امنوا فی الحیوۃ الدنیا - اور اس قسم کی ایات کو مطالعہ فرماوین اور دوسری طرف نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم - کی محنتیں دعائیں وعظ ملاحظہ کرین اور تیسری طرف شیعہ سے دریافت کرین کہ نبی کریم سے فائدہ کی بجائے نقصان ہی نقصان ہوا ابوجہل وغیرہ تو کافر ہی تھے - ابوبکرؓ - عمرؓ - عثمانؓ - اور کل صحابہ و ازواج بھی کافر مرتد ہی رہے - اور ان کے اتباع بھی کافر ہی ہیں - رہے حضرت مرتضےٰ وہ تو ازل سے - ماں کے پیٹ میں ہی کامل پیدا ہوئے - سلیمان - ابوذر - مقداد حضرت آپ کی صحبت سے کیقدر اسلام میں آئے - تو اب شیعہ مصنف وواعظ وذاکر سوزخوان - کیا نبی کریم سے زیادہ موثر ثابت ہو سکتے ہین - مین نے بعض وقت پوچھا ہے کہ نبی کریم کے وجود سے ۲۳ برس میں کوئی متاثر ہوا تو کیا تم آپ سے زیادہ مفید بن سکتے ہو - وہ رحمت للعالمین کیونکر ہوئے - اصول شیعہ کے خلاف کیا کہ ذی النورین کو بدکار کہا معلوم ہوتا ہے - کہ خدا و رسول جان بوجھکر بکاری بدی کراتے ہیں - نعوذ باللہ من ہذاہ الخرافات شیعہ مترجم و مفسر نو بد ہم فی طغیانہم یعمہون کا ترجمہ یوں کرتے ہیں - اللہ ذہیل اور مدد دیتا ہے حالانکہ وہ طغیان میں اندہے رہتے ہین - مطلب یہ کہ ہم تو فضل سے مہلت دیتے ہیں اور یہ طغیان کرتے ہین -

مد طغیان - کے حدود کو اللہ تعالےٰ ہی جانتے بندے اسکی حدبندی نہیں کر سکتے -

ائمہ اثنا عشر من قریش ہین - ابوبکرؓ[۱] - عمرؓ[۲] - عثمانؓ[۳] - مرتضیٰؓ[۴] حسنؓ[۵] معاویہؓ[۶] عبد الملک - عبد الملک کے چار بیٹے - عمر بن عبد العزیزؓ ہین - نبی کریمؐ کی بشارت کا منشاء تہا - کہ بارہ خلفاء کے زمانہ میں شوکت اسلام قائم رہیگی - سلطنت میں تفرقہ نہوگا - قرآن کریم اور اس کے بعد حکماء کے اقوال سے ثابت ہوا ہے - کہ ہر ایک سوال کا جواب دینا مناسب نہیں مگر آپکی خاطر ہی عجیب ہے - کہ تمام سوالوں کا جواب دینے لگ گیا اللہ تعالےٰ مجھپر رحم فرما دے -

نقباء

سعدؓ بن زرارہ عوفؓ بن الحارث - معاذؓ بن عفراءؓ ذکوانؓ بن عبد القیس - رافعؓ بن مالک - عبادۃؓ بن الصامت عباسؓ بن عبادہ - یزیدؓ بن ثعلبہ - عقبہؓ بن عامر - قطبۃؓ بن عامر یہ دس قوم خزرج میں سے تھی -

ابو الہیثمؓ بن التیہان - عویمؓ بن ساعدہ یہ دو اوس سے ہین -

اور یہ نقباء وہ ہیں - جنہوں نے لیلۃ العقبہ میں مدینہ سے مکہ میں آکر آپ سے بیعت کی -

شیعہ - کی مسلم تاریخ ناسخ التواریخ اور اور تواریخ میں لکہا ہے - کہ حضرت داؤد علیہ السلام کی اولاد بہت تھی - منجملہ ان کے میں چند نام اسی ناسخ التواریخ سے لکھتا ہون -

سامؤع[۱] - ساخوب[۲] - ناثان[۳] - سلیمان[۴] - یوحنا[۵] - بار - الیشع[۶] یفاج[۷] یقشع[۸] - الیح[۹] - الیدع[۱۰] - الیفلط[۱۱] وغیرہ وغیرہ - پھر عجیب بات ہے کہ تمام اولاد میں صرف سلیمان وارث داؤد ہوئے یہ امر تو ثابت کرتا ہے - کہ انبیاء کا ورثہ دینوی رنگ کا نہین تہا - اب ہم ورثہ سلیمان داؤد جو قابل غور ہے - اسپر غور کرتے ہیں - پھر ہم دیکھتے ہیں - یوصیکم اللہ والی رکوع والے ورثہ کو دل میں نگاہ رکھکر ابتداء سورۃ کے غور کرین - توان تمام یا اکثر احکام میں نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کو آپ شریک پائیگے -

علاوہ بریں سورہ حشر میں فدک وغیرہ کا ذکر موجود ہے - وہاں ممانعت کردی ہے - کہ ما افاء اللہ کا کوئی وارث نہیں - بلکہ اسکے اس مقام سے معلوم ہوتا ہے - کہ شیعہ اس مال سے متمتع بھی نہیں ہو سکتے - ہان سنی نفع اٹھا سکتے ہین - آپ غور کرین - والذین من بعدہم یقولون ربنا اغفرلنا و لاخواننا الذین سبقونا بالایمان ولا تجعل فی قلوبنا غلا للذین امنوا - یہ شیعہ تو اکثر ائمہ کے اولاد کو اور انکے بہائیوں کو بھی - مثلاً زید بن علی بن حسین اور اسماعیل بن جعفر اور ایک جعفر کو اور اولاد امام حسن کو - کیا یقین کرتے ہین - بلکہ ان کے متاخرین نے تو حد کردی ہے - کہ حسن مثنے کو لاولد قرار دیدیا - اس طرح تمام مدعیان حسنی سیادت کو کاذب قرار دیدیا - اور ادہر حسینی سادات مغرب نکہ نے کہدیا - کہ جناب حسین علیہ السلام طالب سلطنت ہوئے اس لیئے کربلا میں انکا خاتمہ ہو گیا - اور ہمارے مورث حسن نے چونکہ خود سلطنت چھوڑ دی تو اللہ تعالےٰ نے بجائے اس کے کہ مغرب کی سلطنت ہمکو ہمیشہ کے لیئے عطا کردی - ذرا اس مقابلہ پر غور کرو

لا نرث ولا نورث پر عرض ہے - کہ اگر اس حدیث پر اعتبار نکیا جاوے تو تمام احادیث پر اعتبار نہ کیا جاوے - تو اس ضمن میں یہ تاریخی حدیث کہ جناب بتول نے دعوٰی کیا - اور عاصیون نے نہ سنا - آخر حدیث ہے - اسکو اسی مرویات میں ڈالا جاوے - اور اگر احادیث کو معتبر جانتا ہے تو اسکی کوئی راہ بتاوین - کہ کسطرح احادیث کو صحیح و غیر صحیح مانا جاوے جو قاعدہ حکیم محمد علی خانصاحب تجویز فرماوین - اس قاعدہ پر سنی و شیعہ کے احادیث کو رکہکر منجملہ انکے اس حدیث کو پرکہا جاوے میرے نزدیک بات بہت آسان ہے - ع۱ شیعہ کی حدیث تو سنی مانتے نہیں - اور سنیونکی حدیثین شیعہ مانین - چلو یہ اختلاف ہی ختم ہوا - کہ یہ حدیثین اور یہ جھگڑے ہی باطل ہیں - ع۲ پہلے تحقیق کیا جاوے کہ آیا نبی کریم کا کوئی مال ورثہ تہا یا نہ تہا - اگر قرآن کریم سے ورثہ یا مال متروک ثابت ہو جائے تو پھر لا نرث ولا نورث والی حدیث قابل بحث ہو سکتی ہے - اگر مال نہو - اور ورثہ احادیث سے ثابت کیا جاوے - تو جن احادیث صحیحہ سے وہ ورثہ ثابت ہوتا ہے - انکے مقابلہ مین لا نرث والی حدیث کا موازنہ کیا جاوے - جو وزن میں بہاری ہے - وہ صحیح ہے - یا راجح ہے ع۳ سورۃ حشر کے آیات ما افاء اللہ سے ثابت ہوتا ہے - کہ ما ترکنا صدقہ ہے - اور یہ لا نرث کی تائید ہے - آیت استخلاف میں مشابہت کی تفصیل اسجگہ تو اللہ تعالےٰ نے بھی فرمائی - مگر خلفاء گذشتہ دو قسم کے قرآن کریم میں بیان ہوئے - بعض بادشاہ و سلطان ہیں - صاحب ملک ہیں - جاہ و حشم رکھتے ہیں - اور بعض غریب مسکین ہین - داؤد و سلیمان علیہما السلام بادشاہ ہیں - تو یحییٰ اور الیسع ولقمان یا نوحؑ غربا بھی ہیں - پہر صاف ظاہر ہے - کہ خلفا کے دونوں رنگ ہونے ہین -

دلکشا میں نماز

الحمد للہ کہ نماز عید اضحیٰ جماعت احمدیہ لکھنو کی بوقت ساڑے ۹ بجے صبح کے شاہی باغ دلکشا میں حسب اجازت صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر باغ پڑہی گئی - امامت خیر و اسلوبی کے ساتھ میاں عبد العزیز صاحب نے کی - بعد فراغت ہونے نماز اکبر کے دلچسپ تفسیر آیت اسمہ احمد پر بیان کی گئی بعد میں ارتضیٰ علیؓ طالب علم قوم سید نے اپنی یتیمی کو محسوس کر کے قادیاں کے یتیم بچوں کے واسطے اونکہ کمر ادب کے ساتھ ایک آنہ عیدی کا جمع کیا با وجودیکہ یتیم اور مفلس ہونے کے اس نیک خصال لڑکے نے واقعی بڑی ہمت کا کام کیا پھر دیگر جوانان عید نے حسب استطاعت چندہ عیدیا - جسکے جملہ ۵/ روپے ہوئے - خاکسار مولوی کبیر الدین احمد (احمدی) اکبر آباد وارد حال لکھنو -

ضرورت ملازم | منشی غلام محمد خاں پھلوری احمدی کو ایک ملازم کی ضرورت ہے - جو کہانا پکا سکے تنخواہ چار روپے ماہوار علاوہ کہانا دینگے

تحقیق الادیان فی تبلیغ الاسلام

ڈاک ولائت

مذہب یسوعی کے متعلق محققین یوروپ امریکہ کا تازہ لٹریچر

نمبر ا

جیسا کہ مین نے کسی گذشتہ پرچہ بدر مین اور نیز اپنے لیکچر کفارہ مین جو لاہور ۹ ر دسمبر سنہ ۱۹۰۹ء کو دیا گیا وعدہ کیا تہا مین اس وقت اس سلسلہ مضمون کو اخبار مین شروع کرتا ہون کہ یوروپ و امریکہ کے محققین نے یسوعی مذہب کے متعلق کیا رائے قائم کی ہے ان کی رائے زیادہ تر اس تحقیق پر مبنی ہے۔ جو علاقہ صوریا یونان اور مصر کی پرانی زبانون کے پڑہنے اور پرانی کتابون کے ترجمہ کرنے سے حاصل ہوئی ہے اور اس زمانہ کے اصلی حالات سے آگاہی ملی ہے اور وہ کتابین محققین کے ہاتہ تک پہونچی ہین جن کو پادری لوگ آج تک دباتے چلے آئے تہے اس مطلب کے واسطے سردست یہ مضمون گویا اس لٹریچر کی ایک فہرست ہوگی ہر ایک کتاب جس کا یہان ذکر کیا جاوے گا اس کے مصنف کا نام اور شائع کنندہ کا پتہ بہی لکہدیا جائے گا اور کتاب کی قیمت سے بہی اطلاع دی جائے گی کیونکہ ایک دفعہ جب اس قسم کا مضمون پہلے نکلا تہا۔ تو ہمین معلوم ہوا تہا کہ بعض دیسی عیسائی۔ جنکو گورے پادری ایسے معلومات سے بے خبر رکھنے کی کوشش کرتے ہین۔ معترض ہوئے تہے کہ یہ کتابین اور آدمیون کے فرضی نام ہین جو ایڈیٹر بدر نے اپنے پاس سے بنا لئے ہین چونکہ اس جگہ صرف ان کتابون کا ذکر کیا جاوے گا جو عموماً ہمارے پاس قادیان مین موجود ہین۔ اس واسطے یہ فہرست کسی صورت مین مکمل نہین ہوسکتی۔ لیکن مضمون کے اخیر مین ہم ان کتابون کی فہرست دینے کی بہی کوشش کرین گے جو اس لٹریچر کی فہرست مین شامل ہین اور ان کا اشتہار ہوچکا ہے اور ہم ارادہ رکہتے ہین کہ کسی وقت ان کو منگوائین۔ اگر کوئی دوست ان کتابون مین سے کوئی ایک منگوانا چاہے اور خود اس کا انتظام نہ کرسکے کیونکہ یہ کتابین عموماً ہندوستان مین نہین مل سکتین۔ تو ہم اپنے ایک واقف کتب فروش کے ذریعہ سے ولائت سے منگوا دین گے۔ بشرطیکہ قیمت کتاب پیشگی ہمین مل جاوے اور جتنا محصول ڈاک ہوگا اتنے کا وی پی کیا جاوے گا۔

(۱) سب سے اول مین اس فہرست مین کتاب انسکلو پیڈیا بیبلی کا یعنی دائرۃ المعارف بائیبل کو لیتا ہون۔

جسے پادری شین صاحب نے بامداد پروفیسرون کی ایک کمیٹی کو چار ضخیم جلدون مین تصنیف کیا ہے جو باریک اور گنجان لکہے ہوئے قریباً اڑہائی ہزار صفحون پر مشتمل ہے اس کتاب مین بائیبل کے متعلق بہت ہی مفید معلومات کا ایک وسیع ذخیرہ طالب حق کو ملتا ہے مثال کے طور پر مین بیان کرتا ہون۔ کہ اس مین ثابت کیا گیا ہے۔ کہ موجودہ اناجیل مین جو اقوال یسوع صاحب کی طرف منسوب کئے جاتے ہین۔ ان مین سے کوئی پانچ فقرات ایسے ہین جو دراصل اسکی زبان سے نکلے ہوئے معلوم ہوتے ہین جن مین سے ایک ایلی ایلی لما سبقتانی ہے اور ایک وہ ہے۔ جس مین یسوع صاحب نے نیک ہونے سے انکار کیا ہے اور پسند نہین کیا کہ کوئی اُسے نیک کہے اس کتاب کو لکہنے والی جماعت مین یوروپ اور امریکہ کے بڑے بڑے فاضل شامل ہوئے ہین۔ اکسفورڈ۔ کیمبرج اڈنبرا گلاسگو۔ لنڈن۔ لیپزک۔ برلن۔ لیڈن۔ نیویارک۔ زیورچ۔ کیو۔ غرض مغربی دنیا کے ہر ایک علمی مرکز نے اس کتاب کی تصنیف مین حصہ لیا ہے۔ اس کتاب کی قیمت مبلغ ایک صد روپیہ ہے اور شائع کنندہ کا نام ایڈم اینڈ چارلس بلیک لنڈن ہے۔

Adam & Charles Black:
London

(۲) جیواش انسکلو پیڈیا۔

The Jewish Encyclopaedia

یہ کتاب بارہ ضخیم جلدون مین چہپی ہے۔ کل اٹہ ہزار سے زائد صفحون پر مشتمل ہے۔ چار سو سے زائد عالمون اور فاضلون نے مل کر اس کتاب کو محققانہ رنگ مین تالیف کیا ہے اگرچہ اس کتاب کا اصل منشاء یہ ہے کہ یہودی لٹریچر مین ایک وسیع اور قابل قدر روشنی ڈالی جائے۔ لیکن اس کتاب سے یسوعی عقائد کے متعلق بالخصوص بہت سے مفید حالات معلوم ہوتے ہین۔

مثلاً یسوع صاحب کے وہ اقوال جن پر بڑا فخر کیا گیا ہے۔ کہ نہ یسوع صاحب سے پہلے کسی کو سوجہے اور نہ اس کے بعد کسی ذہن مین آسکتے ہین۔ وہ لفظ بلفظ یہودیون کی پرانی کتابون مین دکہلائے گئے ہین۔ جن سے ظاہر ہوتا ہے کہ یسوعی اقوال کا چشمہ کیا تہا اور یہ امر بپایہ ثبوت پہونچتا ہے کہ یسوع صاحب نے جو کچہ بولا ہے وہ سب یہودیون کی شاگردی کا نتیجہ تہا۔ گویا ینابیع مذہب یسوعی کیا تہے۔ یہودیون کے اقوال تہے۔ اور بس اس کتاب کو فنک اینڈ ویگنلس کو نے لنڈن اور نیویارک مین شائع کیا ہے اور قیمت قریباً اڑہائی سو روپیہ ہے۔

Funk & Wagnalls Co.
London

(۳) انسکلو برٹینیکا۔

Encyclopedia Brittanica

یہ اس دنیا کی ایک بڑی عظیم الشان کتاب ہے جس کی تصنیف پر بڑا فخر کیا جاتا ہے۔ ۳۵ بڑی بڑی جلدون مین چہپی ہے۔ جو قریباً اٹہائیس ہزار صفحون پر مشتمل ہے اس کتاب مین ہر ایک قسم کے معلومات درج ہین لیکن بائبل کے متعلق بالخصوص بہت سی مفید باتین اس مین ملتی ہین۔ مثلاً جہان حضرت اسمٰعیل کی بجائے بائبل مین حضرت اسحٰق کی قربانی کا ذکر ہے اس جگہ ثابت کیا ہے۔ کہ بائبل مین یہ آیات الحاقی ہین۔ پیچہے سے کسی نے ملا دئے۔ دراصل کلام الٰہی نہین ہے۔ اس کتاب کو قریباً ایک ہزار علماء کی جماعت نے ملکر لکہا ہے اور بہت ہی مفید معلومات کا ذخیرہ اس مین جمع کیا ہے اس کی اصل قیمت بہت بڑی ہے۔ مگر آجکل کوئی پانسو روپے مین مل سکتی ہے اور سیکنڈ ہینڈ کاپی دو اڑہائی سو روپیہ پر مل سکتی ہے۔ دفتر ٹائمز لنڈن سے مل سکتی ہے۔

(باقی آیندہ انشاء اللہ تعالیٰ)

طاعون اس بیماری کو عرصہ سے دیکہنے اور سننے کے سبب لوگ پہلے کی طرح اس کے متعلق خائف نہین رہے حالانکہ یہ ایک عذاب الٰہی ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ عذاب اس واسطے آتے ہین۔ کہ لوگ تضرع اختیار کرین۔ چاہیئے کہ عذاب کو دیکہ کر انسان عاجزی کے ساتہ اپنے خدا کے حضور مین جہک جائے تاکہ نجات پائے۔ گذشتہ ہفتہ مین ہند مین ۵۲۷۰ موتین طاعون سے ہوئی جن مین سے پنجاب میں ۱۳۰۸ ہوئین۔ حضرت مرحوم فرماتے ہین :-

ہے یقین یہ آگ کچہ مدت تلک جاتی نہین
ان مگر توبہ کرین با صد نیاز و انکسار
بے خدا بے زہد و تقوے بے دیانت بے صفا
بن رہے یہ دنیا و دون طاعون کرو ہمین شکار

آریون پر آفت پٹیالہ مین آریون کی ایک بڑی جماعت مقدمہ سڈیشن مین گرفتار ہے۔ الزام یہ لگایا جاتا ہے کہ نہ صرف ماخوذین بلکہ تمام آریہ جہان کہین ہو سڈیشن کا مادہ اپنے اندر رکہتے ہین۔ آریہ سماج مذہبی سوسائٹی نہین۔ بلکہ پولیٹیکل مجمع ہے۔ دیکہنا چاہیئے فیصلہ کیا ہوتا ہے۔ ہم تو یہ جانتے ہین کہ یہ سب کچہ ان بدزبانیون کا نتیجہ ہے جو اس قوم کے ممبرون نے خدا کے برگزیدہ نبیون کے حق مین دریدہ دہنی سے کین۔ معزز ہمعصر قابل قدر روزنامہ اخبار عام سے معلوم ہوا۔ کہ اس

موقعہ پر آریوں کی گھاس پارٹی اور ماس پارٹی متفق ہوگئی ہیں جیسا کہ زبان دراز لیکھرام کے قتل کیے جانے کے وقت ہو گئی تھیں۔ کاش کہ آریہ بھائی موت لیکھو اور تازہ واقعات سے عبرت حاصل کرکے آیندہ کے واسطے بزرگان دین حق میں گندہ دہنی سے پرہیز کریں۔ ورنہ انجام بخیر نہیں ہوسکتا۔

لیکھو کی بد زبانی کا رد ہوئی تھی اُسپر
پھر بھی نہیں سمجھتے حمق و خطا یہی ہے
اپنے کیے کا ثمرہ لیکھو نے کیسا پایا
آخر خدا کے گھر میں بد کی سزا یہی ہے
نبیوں کی ہتک کرنا اور گالیاں ہی دینا
کتوں سا کھولنا منہہ تخم فنا یہی ہے

بچوں کو زیور پہنانے کی خرابی

دہولیہ سے خبر آئی ہے کہ ایک براہمن کنسٹبل نے ایک گیارہ سالہ لڑکی کو زیور کی لالچ سے قتل کر دیا۔ افسوس ہے کہ بچوں کو زیور پہنانے کی بدرسم سے لوگ باز نہیں آتے خدا کا شکر ہے کہ دارالامان میں بزرگان دین کی متابعت کی برکت سے احمدی بچے اس خوف سے امن میں ہیں۔

نئی شرارت

کسی ذات سنڈیشس نے سلطنت برطانیہ کے برخلاف گوا میں جا اخبار نکالا ہے - اور علاقہ سلطنت پرتگال ہے - جو بمبئی کے قریب ہے اخبار کا نام ست سنگ رکھا ہے - سوچا یہہ ہوگا - کہ ہندوستان میں بھی رہیں - اور گورنمنٹ انگریزی کے قانون سے بھی باہر رہیں - اور جو چاہیں لکھا کریں - مگر سرکار نے مخالفت کر دی ہے - وہ اخبار علاقہ برطانیہ میں نہ آسکے گا - اسطرح صاحب ست سنگ خایب و خاسر رہے ہے -

اخبار کی بندش

ریاست جے پور نے انسداد سڈیشن کے لحاظ سے بعض اخباروں کی بندش کر دی ہے - جن میں سے بعض کے نام یہ ہیں پنجابی لاہور - آکاش دہلی - ہندوستان لاہور ... جھنگ سیال - گنگا جالندھر - پیشوا لاہور - پریم فیروزپور - سچا ڈھنڈورہ لائل پور - زمیندار کرم آباد اس میں شک تو نہیں کہ آجکل کے اکثر اخبار پبلک کا آواز نہیں - بلکہ پبلک کے آواز کو بگاڑنے والے ہیں - اور ریاستوں کا فرض ہے کہ موجودہ شور و شر کے وقت گورنمنٹ کی امداد پوری طرح سے کریں -

آریوں کی شانتی

آریوں کی ستہار تھ پرکاش ہو یا خالی پرکاش ہو - کوئی پرانی پرکاش ہو - یا نئی پرکاش ہو ان کے مونہہ میں سب سے پہلا حرف مسلمانوں کو گالیاں - اور دوسرا حرف وہ ہے جسکی بدولت سردار اجیت سنگھ نے آپنے آپ کو جلا وطنی کی سزا دے رکھی ہے - اگلے پرکاش ہی کچھ کم نہ تھے - اب گجرات سے ایک نئے پرکاش نکلے ہیں - آپکا اسم گرامی ہے - شانتی پرکاش - اپنے دوسرے ہی پرچے میں مسلمانوں کے بزرگوں کو گالیاں سنانے کا فرض آریہ ازم ادا کرنا شروع کر دیا ہے - غالبًا یہہ شانتی کے حصول کی دوسری سیڑہی ہے - کیونکہ .... پہلی سیڑہی پہلے نمبر میں طے ہو چکی ہے - جہان ہتھیاروں کو ستھرا رکھنے اور دشمنوں پر فتح پانے اور کمنڈت بل - اور جگر ذ ر ا جیہ ہوکر دشٹ لوگوں کو سدا ناکام رکھنے کی تاکید اکید کی تعلیم درج کی گئی ہے - ایسے آرین اخبار آج کل برساتی مینڈکوں کی طرح کثرت سے پیدا ہو رہے ہیں - جو نہ صرف ہندو و مسلمانوں کے درمیان کشمکش پیدا کر رہے ہیں - بلکہ گورنمنٹ کو بھی کشیدہ خاطر کر رہے ہیں - خدا ہی ہے جو ان سے سمجھے -

ایک پروفیسر ڈی اے وی کالج

بھائی پرمانند ایم اے جو لاہور میں پکڑا گیا ہے - معلوم ہوا کہ ڈی اے وی کالج کا ایک قومی پروفیسر ہے - اس کے پاس تین خطرناک خطوط بھی نکلے ایک جی ایل باٹرہ باقی دو لالہ لاجپت رائے نے بھیجے تھے ان خطوط کا مضمون عجیب خیز ہے - اور ایک کتاب بھی پائی جسمیں بم کے گولوں کی کیفیت دیگئی ہے - پٹیالہ کے مقدمہ سڈیشن کے ساتھ ان حالات کا مقابلہ کرنے سے سماج پر رائے زنی کر سکتے ہیں - یہہ خطوط نومبر سنہ ۱۹۰۷ء میں لاہور سے بھیجے گئے تھے - جبکہ اخبار پنجابی کا مشہور مقدمہ چل رہا تھا - بھائی پرمانند اُن ایام میں لندن میں تہا اور تاکید تھی - کہ یہ خطوط پڑہتے ہی تلف کیے جائیں ٭

مقدمات سڈیشن لاہور میں اجیت سنگھ کا مقدمہ سوموار کو پیش ہوا - جو کہ ابتک گرفتار نہیں کیا گیا اُس کے متعلق میں پرمانند بھی گرفتار ہیں - سانچ کو آنچ نہیں -

اخبار افغان کی رائے متعلق اخبار عام

مجھے اخبار عام سے بیحد محبت ہے اگرچہ وہ ہندو اخبار ہے - مگر - باینہمہ اس کا مسلک بہت ہی صلح کل اور رویہ بہت ہی بے لاگ ہے - اور گورنمنٹ عالیہ کے متعلق جسقدر وفادارانہ خیالات "اخبار عام" کے ذریعہ سے ملک میں پھیلتے ہیں -

وہ قابل قدر ہیں -

قابل تعریف طرز حکومت

بنگالی اخبار امرت بازار پتر کا ایڈیٹر پی سی تک میں انگریزی اور فرانسیسی طرز حکومت برطانیہ کیسی برکات کا مجموعہ ہے - اور اسکے بالمقابل حکومت فرانس ان علاقوں کے واسطے کیسے عذاب کا موجب ہوئی ہے - مگر افسوس ہے کہ بنگالی اخبار باوجود ان باتوں سے مطلع ہونے کے اپنے اُسی اخبار میں پنجاب کے لفٹنٹ گورنر صاحب کی اُس تقریر پر جو ہندوؤں کے ڈیپوٹیشن کے جواب میں دیگئی ہے - نامناسب الفاظ استعمال کرتا ہے - حالانکہ لارڈ صاحب نے جو کچھ فرمایا ہے وہ بالکل سچ ہے - کہ صرف الفاظ سے کیا ہوتا ہے - آریوں کو چاہیئے کہ اپنے عمل درآمد سے دکھائیں - کہ وہ .. گورنمنٹ کے سچے خیر خواہ ہیں - اور گورنمنٹ کے برخلاف جو باغیانہ خیالات نوجوانوں کے دماغ میں خون کیطرح گھس گیا ہے - اسکو عملی رنگ میں نکال کر دکھلائیں - تب تو کوئی بات ہے - ورنہ ایک طرف آریہ بچے انگریزوں کو قتل کرتے پھریں - اور دوسری طرف آریہ بزرگ - ڈیپوٹیشن پیش کرتے پھریں - تو یہہ کسی فایدہ کی بات نہیں -

۳۰۰ کے قریب ہاتھیوں کا غبن

برما میں ٹھیکیدارے کے افسروں نے ۳۰۰ کے قریب سرکاری ہاتھی جو اکرہ ۴ لاکھ کئی ہزار روپیہ میں سوداگروں کے ہاتھ فروخت کر دیئے اور کاغذات سرکاری میں ان ہاتھیوں کا بیماری سے مرجانا ظاہر کیا غبن کے معلوم ہونے پر کئی انگریزوں اور دیسیوں کو سزا ہوئی - بعض انگریز اپیل میں بری ہو گئے اب اس بارہ میں نئے سرے سے پھر تحقیقات ہو رہی ہے یورپین حکام کے دیسیوں سے ملکر اتنی عظیم رقم غبن کرنے کا حال بالکل ایک ایسا نیا واقعہ ہے کہ جسپر مشکل یقین آتا ہے -

وزارت خارجہ نے ایسا انتظام کیا ہے کہ ممالک غیر میں جس قدر ترکی سفیر متعین ہیں - سب اپنے اپنے ہاں کی تجارتی و اقتصادی حالت کے متعلق ہر مہینہ مفید معلومات بھیجا کریں اور قسطنطنیہ کے ایوان تجارت کیطرف سے ایک ماہوار تجارتی رسالہ میں اُسکا خلاصہ شایع ہوا کرے یہ رسالہ ترکی میں ہوگا اور ترکوں میں تجارتی تحریک کو وسیع کرنے کے لیئے مفید ثابت ہوگا ٭

ارشادات نبوی

دنیا میں جتنی چیزیں پائی جاتی ہیں- وہ دو حال سے خالی نہیں- یا تو بدیہی ہونگی یا نظری- بدیہی وہ اشیاء ہیں جن میں بہت غور و فکر کرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہوتی اور اُنکے ثبوت میں دلائل دینے کی تکلیف نہیں اٹھانی پڑتی مثلاً سورج کا وجود کسی دلیل کا محتاج نہیں جو شخص آنکھیں رکھتا ہے- وہ تو صاف دیکھ سکتا ہے- اور جو اندھا ہے- وہ اوسکی تمازت کو محسوس کر کے معلوم کر سکتا ہے- مگر جو شخص اندھا ہو- اور اوسکی قوت لامسہ یا سامعہ ماری ہوئی اور مفقود ہو- تو اوسکو دلائل بھی نہیں سمجھا سکتے- کہ سورج ہے اسطرح اور ہزاروں اشیاء ہیں جنکو ہم بدیہیات کی ذیل میں پاتے ہیں- اور ان پر بہت غور اور فکر کرنے کی ضرورت محسوس نہیں ہوتی- لیکن ساتھ ہی اس کے بہت سی اشیاء ایسی ہیں جو بغیر کچھ نہ کچھ غور و فکر کرنے اور انکے دلائل مہیا کرنے کے ثابت نہیں ہو سکتیں- مثلاً زمین کا گول ہونا اگرچہ ایک عقلمند شخص جلدی ہی محسوس کر سکتا ہے- لیکن چونکہ ہر کس و ناکس بغیر دلائل اور سمجھانے کے معلوم نہیں کر سکتا- اس لئے عام لوگوں کو ثبوت کی ضرورت محسوس ہوتی ہے- اسی طرح اور ہزاروں اشیاء پائی جاتی ہیں- جو نظری کہلانے کی مستحق ہیں- اور جن میں غور و فکر اور تدبر کی ضرورت واقع ہوتی ہے- اب میں قطع نظر اور اشیاء پر بحث کرنیکے صرف افعال انسانی کے متعلق عرض کرنا چاہتا ہوں- کہ بہت سے افعال ایسے ہیں جنکو تمام مذاہب اسے اور انکی مذہبی کتابیں حرام اور قبیح سمجھتی ہیں- اور مشترکہ طور پر انکو جڑ و بنیاد سے اکھیڑنے میں کوشاں ہیں- بلکہ تمام انسان جو کہ عقل کے زیور سے آراستہ اور صحیح الفطرتی سے پیراستہ ہیں، اُن کاموں کو برا جانتے اور قابل استیصال سمجھتے ہیں- اور ایک خدا کا منکر بھی ایسے کاموں کو نفرت سے دیکھتا ہے- مثلاً چوری اور جھوٹ اور دغا بازی وغیرہ وغیرہ ایسے بہت سے اعمال ہیں- جو قطع نظر اس بات کے کہ انکو شدو مدسے نے ممنوع قرار دیا ہے- یا کہ وید نے منع کیا یا توریت و انجیل نے یا قرآن شریف نے ان سے نفرت دلائی ہے- خود بخود فطرتاً اجماعی طور پر قابل نفرت تسلیم کئے گئے ہیں- اور ان میں کسی مذہب کی خصوصیت نہیں- کیا جو لوگ خدا کے منکر ہیں- اور کسی مذہب کو تسلیم نہیں کرتے- بلکہ مذہب اور مذہبی لوگوں کا تمسخر اڑاتے ہیں- وہ ان افعال کو اچھا خیال کرتے ہیں- اور برا نہیں سمجھتے؟ سمجھتے ہیں اور برا سمجھتے ہیں- اور اس بات کا ہمیں دنیا کی ناستک یعنی لامذہب اور دہریہ اقوام کے حالات و افعال سے پتہ ملتا ہے- ہزاروں چینی اور یورپ کے لاکھوں مہذب دہریہ چوری اور دغا بازی سے ایسے ہی پاک ہیں جیسے کہ ایک مذہبی اور خدا کو ماننے والا انسان

